پل بندھ کارروائی— 2023-24

مطلوبہ اکتسابی ماحصل

جماعت : ششم مضمون: علم ریاضی

- اعداد کو پڑھنا، مقامی قیمتوں کو سمجھنااور اعداد کو بڑھتی ہوئی اور گھٹتی ترتیب میں لکھنا۔
- ریاضی کے بنیادی اعمال جیسے جمع اور تفریق کے مسائل کا حل کرنا۔
- ضرب اور تقسیم کے مسائل حل کرنااور اس کو اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کرنا۔
- کسروں اور مساوی کسروں کے معنی بیان کرنا، مساوی کسروں کی شناخت کرنااور عشری اعداد کے بارے میں سمجھنا۔
- اجزائے ضربی اور مضاعف کے بارے میں سمجھنا۔
- زاویوں کی پیمائش کرنااور نام شناسی کرنا۔
- روزمرہ کی زندگی میں پیش آنے والے حادثات کے متعلق معلومات اکھٹا کرکے تصویری نقشہ، ستونی نقشہ کے ذریعہ پیش کرنا۔
- مربع اور مستطیل کا رقبہ معلوم کرنا۔
- سادہ ہندسی اشکال کا احاطہ معلوم کرنا۔
- سہ ابعادی اشکال مکعب، مکعب نمااور استوانہ کو سمجھنا۔

Prepared by : Abdulqadeer Baig

قبل از جانچ کا نمونتاً سوالی پرچہ- 2023-24

جماعت : ششم　　　　مضمون: علم ریاضی

1- 740125 اسکو پڑھئے اور الفاظ میں لکھئے ؟

2- 13092 کو توسیع شکل میں لکھئے ؟

3- 6384279 اور 6387928 ان میں بڑا عدد کونسا ہے لکھئے ؟

4- جمع کرو- 25329 + 36907

5- 5/6 میں شمار کنندہ اور نسب نما کی نشاندہی کرو؟

6- 3627 x 23 کا حاصل ضرب معلوم کرو؟

7- 5/3 کے دو مساوی کسریں معلوم کرو؟

8- زاویوں کے اقسام لکھئے ؟

9- ٹھیک 90^0 کے زاویے کو کیا کہتے ہیں ؟

10- مستطیل کا احاطہ معلوم کرو جبکہ لمبائی 2 سم اور چوڑائی 3 سم ہو ؟

11- مکعب میں سطحوں کی تعداد کتنی ہوتی ہے ؟

12- استوانہ میں دائرہ نما سطحوں کی تعداد کتنی ہوتی ہے ؟

13- کوئی چار سادہ ہندسی اشکال کے نام لکھئے ؟

14- 36 کے اجزائے ضربی معلوم کرو؟

15- 6 کے چار مضاعف لکھئے ؟

16- 3778،3587،3875،3578 کو گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے ؟

17- 5970،5097،5907، 5709، کو بڑھتی ترتیب میں لکھئے ؟

18- 3058 ÷ 9 کو تقسیم کرو؟

19- 1/10 کو اعشاریہ کی شکل میں لکھئے ؟

20- ایک اسکول کے ششم جماعت میں کل 72 طلباء موجود ہیں۔اس میں 34 طلباء لڑکے ہوں تو اس جماعت میں موجود لڑکیوں کی تعداد کیا ہو گی ؟

Prepared by : Abdulqadeer Baig

بعد از جانچ کا نموناً سوالی پرچہ- 2023-24

جماعت: ششم مضمون: علم ریاضی

1- 45378 اسکو پڑھئے اور الفاظ میں لکھئے؟

2- 37659 میں '6' کی مقامی قیمت معلوم کریں؟

3- 5073،5703،9320،4999،2097،9028، کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے؟

4- 5073،3705، 7035،5037 کو گھٹتی ہوئی ترتیب میں لکھئے؟

5- 538 - 50768 + 4375 کو حل کرو؟

6- 13 ÷ 4528 کو تقسیم کرکے خارج قسمت اور بچت معلوم کرو؟

7- 15 x 25 کا حاصل ضرب معلوم کرو؟

8- ایک گڑیا کی قیمت 120 روپے ہو تو 27 گڑیوں کی قیمت کیا ہوگی؟

9- 24 چاکلیٹوں کو 4 بچوں میں مساوی طور پر تقسیم کیا گیا ہو تو فی بچے کو کتنے چاکلیٹ ملیں گے؟

10- احاطہ معلوم کرو۔



11- 18 کے اجزائے ضربی معلوم کرو؟

12- 9 کے مضاعف لکھئے؟

13- اس زاویئے کی پیمائش کرکے نام شناسی کریں۔



14- دیئے گئے شماریات کے لئے ستونی ترسیم کھینچیے؟

جماعت	ششم	ہفتم	ہشتم
طلباو طالبات کی تعداد	50	80	30

15- ذیل کی شکل میں رنگ شدہ حصّے کو کسر میں لکھئے؟



16- 10 / 2 کو اعشاریہ میں تبدیل کرو؟

17- ساٹھ ہزار پانچ سو اکتیس کو اعداد میں لکھئے؟

18- ایک ضلع میں مردوں کی تعداد 19،73،568 اور عورتوں کی تعداد 16،98،976 ہو تو اس ضلع میں عورتوں کی تعداد مردوں کی تعداد سے کتنی کم ہے معلوم کرو؟

19- ایک دکاندار اپنی دکان سے روزانہ 40 روپیئے کی کمائی کرتا ہو تو بتایئے کہ 15 دنوں میں دکاندار کتنی کمائی کی؟

20- ذیل کے اشکال کو پہچان کر نام لکھیئے؟





Prepared by : Abdulqadeer Baig